احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعرات 26 جولائی 2007ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 26 جولائی 2007ء 10 رجب 1428 ہجری 26 وفا 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 168

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مصائب اور شدائد کا آنا نہایت ضروری ہے۔ کوئی نبی نہیں گزرا جس کا امتحان نہیں لیا گیا۔ جب کسی کا کوئی عزیز مر جاتا ہے تو اس کے لئے یہ بڑا نازک وقت ہوتا ہے۔ مگر یاد رکھو کہ ایک پہلو پر جانے والے لوگ مشرک ہوتے ہیں۔ آخر خدا کی طرف قدم اٹھانے اور حقیقی طور پر............(الفاتحہ:6) والی دعا مانگنے کے یہی معنے تو ہیں کہ خدایا وہ راہ دکھا جس سے تو راضی ہو اور جس پر چل کر نبی کامیاب اور بامراد ہوئے۔ آخر جب نبیوں والی راہ پر چلنے کے لئے دعا کی جاوے گی تو پھر ابتلاؤں اور آزمائشوں کے لئے بھی تیار رہنا چاہئے اور ثابت قدمی کے واسطے خدا تعالیٰ سے مدد طلب کرتے رہنا چاہئے۔

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ صحت وعافیت بھی رہے۔ مال و دولت میں بھی ترقی ہو اور ہر طرح کے عیش وعشرت کے سامان اور مالی وجانی آرام بھی ہوں۔ کوئی ابتلاء بھی نہ آوے اور پھر یہ کہ خدا بھی راضی ہو جاوے وہ ابلہ ہے۔ وہ کبھی کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔ جن لوگوں پر خدا راضی ہوا ہے ان کے ساتھ یہی معاملہ ہوا ہے کہ وہ طرح طرح کے امتحانوں میں ڈالے گئے اور مختلف مصائب اور شدائد سے ان کا سامنا ہوا۔ حضرت ابراہیمؑ پر دیکھو کیسا نازک ابتلاء آیا تھا اور پھر اس کے بعد سب نبیوں کے ساتھ یہی معاملہ رہا۔ یہاں تک کہ (۔) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ آ گیا۔ دیکھو ان کو پیدا ہوتے ہی یتیمی کا سامنا ہوا۔ یتیمی بھی تو بری بلا ہے خدا جانے کیا کیا دکھ اٹھائے اور پھر دعویٰ کرتے ہی مصیبتوں کا ایک پہاڑ ٹوٹ پڑا تھا۔

یاد رکھو۔ انبیاء کا دوسرا نام اہل بلاء واہل ابتلاء بھی ہے۔ ابتلاؤں سے کوئی نبی بھی خالی نہیں رہا۔.......... پھر انبیاء کو تو رہنے دو۔ امام حسینؓ کو دیکھو کہ ان پر کیسی کیسی تکلیفیں آئیں۔ آخری وقت میں جو ان کو ابتلاء آیا تھا کتنا خوفناک ہے۔ لکھا ہے کہ اس وقت ان کی عمر ستاون برس کی تھی اور کچھ آدمی ان کے ساتھ تھے۔ جب سولہ یا سترہ آدمی ان کے مارے گئے اور ہر طرح کی گھبراہٹ اور لاچاری کا سامنا ہوا تو پھر ان پر پانی کا پینا بند کر دیا گیا۔ اور ایسا اندھیر مچایا گیا کہ عورتوں اور بچوں پر بھی حملے کئے گئے اور لوگ بول اٹھے کہ اس وقت عربوں کی حمیت اور غیرت ذرا بھی باقی نہیں رہی۔ اب دیکھو کہ عورتوں اور بچوں تک بھی ان کے قتل کئے گئے اور یہ سب کچھ درجہ دینے کے لئے تھا۔ جاہل تو کہیں گے کہ وہ گنہگار اور بداعمال تھے اس لئے ان پر یہ تکلیف آئی مگر ان کو یاد رکھنا چاہئے کہ آرام سے کوئی درجہ نہیں ملا کرتا جو لوگ ایک ہی پہلو پر زور دیتے چلے جاتے ہیں اور ابتلاؤں اور آزمائشوں میں صبر کرنا نہیں چاہتے۔ اندیشہ ہے کہ وہ دین ہی چھوڑ دیں۔

یہ تو بڑی غلطی ہے کہ ایک طرف تو انسان چاہے کہ ہر طرح کی آسودگی اور آرام ہو اور خوشنودی کے سب سامان مہیا ہوں اور دوسری طرف مقرب اللہ بھی بن جاوے۔ یہ تو ایسا ہی مشکل ہے جیسے اونٹ کا سوئی کے ناکے میں سے گزر جانا بلکہ اس سے بھی ناممکن۔ جب تک ابتلاؤں اور امتحانوں میں انسان پورا نہ اترے کچھ نہیں بنتا۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 335)

دعوت حق روکنے کا ذریعہ

قریش مکہ میں سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شدید دشمن النضر بن حارث بھی تھا اس نے حیرہ جا کر ایرانی بادشاہوں کے قصے اور رستم واسفندیار کی کہانیاں سیکھیں اور جب رسول اللہؐ کسی جگہ توحید کا وعظ کرتے تو وہ لوگوں سے کہتا کہ میں تمہیں زیادہ عجیب وغریب اور لطف انگیز قصے سناتا ہوں۔ اسی شخص نے دعویٰ کیا تھا کہ میں قرآن شریف کی مثل لا سکتا ہوں۔

(سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 300 باب ماکان یوذی بہ النضر بن الحارث)

داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

❀ جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے درخواست دہندگان میٹرک/ایف اے کا نتیجہ نکلنے کے فوراً بعد اپنے نتیجہ کی تحریری اطلاع دیں۔ فون پر رزلٹ کی اطلاع کا اندراج نہیں کیا جائے گا۔

داخلہ کے لئے تحریری ٹیسٹ سے قبل سند سرٹیفکیٹ کی Attested فوٹو کاپی وکالت دیوان میں دینا ضروری ہے ورنہ تحریری ٹیسٹ میں شامل نہ ہو سکیں گے۔ داخلہ کے انٹرویو کے وقت اصل سند/رزلٹ کارڈ/سرٹیفکیٹ ساتھ لائیں۔

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے تحریری/ٹیسٹ انٹرویو میٹرک/ایف اے کے نتیجہ کے بعد ہوگا۔ معین تاریخ کا اعلان عنقریب روزنامہ الفضل میں کر دیا جائے گا۔

شرائط

☆ امیدوار کا میٹرک پاس ہونا ضروری ہے۔

☆ میٹرک پاس امیدوار کی عمر 17 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ ایف اے/ایف ایس سی پاس امیدوار کی عمر 19 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو

☆ مقامی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔

☆ انٹرویو بورڈ کے تحریری اور زبانی امتحان میں پاس ہو۔

☆ میڈیکل رپورٹ کے مطابق صحت درجہ اول ہو (میڈیکل چیک اپ انٹرویو میں کامیابی کے بعد فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ہوگا)

مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل فون نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

فون 047-6213563 فیکس: 047-6212296

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

مشعل راہ

قومی ترقی کی علامت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:-

قومی ترقی درحقیقت ٹڈی دل کی طرح ہوتی ہے۔ جس طرح ٹڈیاں جنگلوں میں پلتی ہیں۔ اور جب ان کی غذا ختم ہو جاتی ہے۔ تو وہ اڑتی ہیں اور بڑے بڑے سرسبز و شاداب کھیتوں کو تباہ کر کے رکھ دیتی ہیں اسی طرح جو قومیں صحیح اصول پر چلنے والی ہوتی ہیں وہ غربت سے گزارے کرتی ہیں۔ محنت اور قربانی سے کام لیتی ہیں۔ مگر جب لوگ پھر بھی ان کو جینے نہیں دیتے اور انہیں مارنے کے لئے اٹھتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ کا عذاب ظلم کرنے والوں پر نازل ہوتا ہے۔ اور وہ غریب اور کمزور سمجھے جانے والے دنیا پر غالب آ جاتے ہیں۔ جب عرب کے لشکر نے ایران پر حملہ کیا تو ایران کے بادشاہ نے اس خبر کو سن کر کہا کہ یہ جھوٹی خبر ہے میں کس طرح مان لوں۔ کہ وہ عرب جس میں ہمارے دس سپاہی بھی جاتے تو سارے ملک کو آگے لگا لیتے تھے۔ اس نے ہم پر حملہ کر دیا ہے۔ لوگوں نے کہا۔ خبر درست ہے واقعہ میں حملہ ہو چکا ہے۔ اس نے کہا۔ اچھا ان کے چند لیڈر بلواؤ۔ تاکہ میں ان سے خود بات کروں۔ اور پوچھوں کہ آخر ان کا مقصد کیا ہے۔ چنانچہ وہ گئے اور صحابہؓ نے ایک وفد تیار کر کے بادشاہ کی ملاقات کے لئے بھجوا دیا۔ جب صحابہؓ کا وفد پہنچا تو بادشاہ نے کہا۔ میں نے سنا ہے تم لوگوں نے میرے ملک پر حملہ کر دیا ہے۔ میری تو سمجھ میں نہیں آتا۔ کہ تم میں یہ جرأت کس طرح پیدا ہوئی۔ تم وہ ہو جو ٹڈیاں کھایا کرتے تھے۔ نہ تمہارا کھانا اچھا تھا نہ پینا اچھا تھا۔ نہ تمہارا لباس اچھا تھا۔ تم ننگے پھرتے تھے۔ اخلاق تم میں تھے ہی نہیں۔ ماؤں سے تم نکاح کر لیتے تھے۔ تمہیں کیا سوجھا کہ تم حملہ کے لئے آ گئے اگر تم پر غربت کا بہت ہی دور آ گیا ہے تو میں تم میں سے ہر افسر کو دو دو اشرفی اور ہر سپاہی کو ایک ایک اشرفی دینے کے لئے تیار ہوں۔ تم روپیہ لو اور واپس چلے جاؤ اس زمانہ میں گو روپیہ کی بڑی قیمت تھی۔ مگر پھر بھی پتہ لگتا ہے۔ کہ اس کی نگاہ میں عربوں کی کیا حیثیت تھی عرب کا جو لشکر ایران پر حملہ آور ہو رہا تھا۔ اس کی حیثیت ایران کے بادشاہ کے نزدیک یہ تھی کہ وہ سمجھتا تھا کہ اگر میں ان کو پندرہ پندرہ روپے دے دوں۔ تو یہ واپس جانے کے لئے تیار ہو جائیں گے اب پینتالیس روپے ماہوار اور راشن سپاہی کو ملتا ہے مگر وہ سمجھتا تھا کہ اگر میں انہیں صرف پندرہ پندرہ روپے بھی دے دوں گا تو یہ واپس چلے جائیں گے اور کہیں گے کہ اچھا اب ہم چلتے ہیں۔ تو ایران کے بادشاہ کے نزدیک عربوں کی حیثیت اتنی ہی تھی مگر جو اس وفد کے سردار تھے انہوں نے کہا تم جو کچھ کہتے ہو ٹھیک ہے ہم ایسے ہی تھے۔ ٹڈیاں کھاتے تھے مردار کھاتے تھے ماؤں سے نکاح کر لیا کرتے تھے مگر اب اللہ تعالیٰ نے ہم میں اپنا رسول بھیج دیا ہے جس کی وجہ سے ہماری حالت بدل چکی ہے۔ اور ہم خدا تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق تمہارے ملک پر حملہ آور ہوئے ہیں۔ بادشاہ کو غصہ آیا۔ اس نے درباریوں کو حکم دیا کہ مٹی کا ایک بورا لاؤ اور اس کے سر پر رکھ دو باقی صحابہؓ کو غصہ آیا کہ یہ ہمارے امیر کی ہتک کرتا ہے مگر وہ ہنس پڑا۔ اور اس نے کہا انہیں مٹی کا بورا میرے سر پر رکھنے دو۔ جب انہوں نے مٹی کا بورا اس کے سر پر رکھ دیا۔ تو وہ دربار سے بھاگے اور انہوں نے بلند آواز سے کہا کہ بادشاہ نے ایران کی زمین اپنے ہاتھ سے ہمارے سپرد کر دی ہے۔ مشرک بڑا وہمی ہوتا ہے۔ اب تھا تو یہ ایک لطیفہ مگر وہ گھبرا گیا اور اس نے سمجھا کہ یہ تو بڑی بدشگونی ہوئی چنانچہ اس نے حکم دیا کہ دوڑو اور ان کو پکڑ کر واپس لاؤ۔ مگر عرب لوگ گھوڑے کی سواری کے بڑے مشاق ہوتے ہیں۔ وہ دربار سے نکلے تو انہوں نے اپنی گھوڑوں کو ایڑیاں لگائیں اور وہ کہیں سے کہیں نکل گئے۔ یہ کیفیتیں تھیں صحابہؓ کی۔ دنیا حیران تھی کہ یہ لوگ کہاں سے آ گئے جس طرح ٹڈی آتی ہے تو اس کا وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔ کوئی روس کے میدانوں سے آتی ہے کوئی چین کے میدانوں سے آتی ہے۔ کوئی عرب کے میدانوں سے آتی ہے اور وہ سارے علاقہ پر چھا جاتی ہے۔ اتنا چھوٹا سا جانور ہوتا ہے مگر اس کے مقابلہ میں لوگ عاجز آ جاتے ہیں اور پھر اس کی نسل میں خدا تعالیٰ نے اتنی بڑھوتی رکھی ہے۔ کہ جہاں بیٹھی اور اس نے انڈے دیئے۔ وہیں اگلے سال پھر ٹڈی پیدا ہو جاتی ہے اور فصلوں کو تباہ کر دیتی ہے۔ یہی علامت بڑھنے والی قوموں کی ہوتی ہے

(خطبات محمود جلد دوم ص 381-380)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

بیوت الذکر کی تعمیر

سیدنا حضرت مصلح موعود کے ایک ارشاد کے مطابق خوشی کی تقاریب پر بیوت الذکر ممالک بیرون کیلئے چندہ ادا کرنا خوشی کی تقاریب کو زیادہ بابرکت اور خوش آئند بنانے کا موجب ہوگا۔ اس لئے احمدی گھرانے حضور کی اس تحریک پر بھی لبیک کہہ کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

سانحہ ارتحال

۞ مکرم عبید اللہ صاحب واہلہ صدر جماعت چک 88 شمالی ضلع سرگودھا تحریر کرتے ہیں۔

محترمہ بشریٰ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری عطاء اللہ صاحب واہلہ چک 88 شمالی ضلع سرگودھا دو عشروں تک اتفاق ہسپتال لاہور میں داخل رہنے کے بعد مورخہ 13 جولائی 2007ء کو وفات پا گئیں۔ آپ کے گردوں نے کام کرنا چھوڑ دیا تھا نیز دل کی تکلیف کے باعث دماغ کا ایک حصہ متاثر ہوا۔ ایک ہفتہ سے بیہوشی کے عالم میں آکسیجن اور خوراک کی نالی سے زندگی کا رشتہ جاری رہا۔ تمام ممکنہ تدابیر کے بعد تقدیر غالب آ گئی۔ آپ کی نماز جنازہ بیت مبارک میں بعد نماز عصر مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی عام قبرستان میں تدفین ہوئی اور مکرم بشارت احمد صاحب چیمہ نے دعا کرائی۔ مرحومہ نے چار بیٹے اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

والدین وسیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

۞ تمام والدین سے درخواست ہے کہ جن کے بچے اور بچیاں امسال انٹرمیڈیٹ کے امتحان کے بعد پیشہ ور تعلیمی ادارہ جات مثلاً میڈیسن، اکاؤنٹس، بزنس، کمپیوٹر سائنس، لاء وغیرہ میں داخلہ کے خواہشمند ہیں ان کیلئے یہ زیادہ بہتر ہے کہ وہ یہ چار یا پانچ سالہ بیچلرز پروگرام پاکستان سے مکمل کریں اور اس کے بعد اگر مزید پڑھنے کی خواہش ہے تب بیرون ملک داخلہ کی کوشش کریں کیونکہ پھر ماسٹرز پروگرام صرف ایک سے دو سال تک محیط ہوتا ہے اور اس طرح کل اخراجات بیچلر کے مقابلہ میں بھی کم ہوتے ہیں نیز مالی معاونت ماسٹرز لیول پر یونیورسٹی کی طرف سے زیادہ کی جاتی ہے اس لئے یہ زیادہ بہتر ہے کہ چار یا پانچ سالہ بیچلر پروگرام پاکستان کے کسی ادارہ سے مکمل کی جائے پھر ماسٹرز پروگرام کیلئے بیرون ملک Apply کیا جائے۔

(نظارت تعلیم)

ولادت

۞ مکرم امجد پرویز صابر صاحب مربی سلسلہ اوچ شریف تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے خاکسار کو دو بیٹوں کے بعد تیسرا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ اس کا نام تیمور امجد تجویز ہوا ہے۔ نومولود مکرم نذیر احمد صاحب چندر کے منگولے کا پوتا ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح اور عمر پانے والا خادم دین بنائے نیز والدین کیلئے قرۃ العین اور احمدیت کیلئے روشن ستارا ثابت ہو۔ آمین

ولادت

۞ مکرمہ شازیہ اظہر صاحبہ زوجہ مکرم محمد اظہر صاحب دارالیمن وسطی سلام ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے ہمیں مورخہ 18 مارچ کو دو بیٹوں کے بعد تیسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور نے بچے کا نام ازراہ شفقت اطہر احمد عطا فرمایا ہے اور بچہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم ڈاکٹر محمد انور صاحب زاہد مرحوم کا پوتا اور محترم نذیر احمد صاحب سیالکوٹی مرحوم کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ اس کو خادم دین نیک وجود بنائے اور صحت و سلامتی والی لمبی عمر عطا فرمائے۔

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

۞ مکرم نعیم احمد صاحب اٹھوال نمائندہ مینیجر الفضل برائے توسیع اشاعت وصولی و واجبات اور اشتہارات کیلئے ضلع گجرات کے دورہ پر ہیں احباب جماعت و اراکین عاملہ و مربیان کرام سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کا دورہ ہر لحاظ سے کامیاب بنائے۔ آمین

(مینیجر روزنامہ الفضل)

کوالٹی جیولری میں با اعتماد نام
رحیم جیولرز
نور مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ 047-6215045

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

ا۔حمید

حضرت ملک سیف الرحمان صاحب

شفیق باپ۔ مہربان دوست

وہ قیمتی یادیں، وہ انمول باتیں، وہ شفیق چہرہ سب ایسے نقش ہیں جو کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ اگرچہ ہر منظر، ہر لمحہ کو لفظوں میں سمونا چاہتی ہوں مگر اپنے لفظوں کی تحریر کو حقیر ترین سمجھتی ہوں۔ جن کے اخلاق عظیم ہوں۔ کردار بلند ہو۔ شخصیت پر وقار ہو۔ محبتیں پاکیزہ ہوں وہ مرا نہیں کرتے بلکہ مر کر بھی زندہ رہتے ہیں۔

ابا جان مرحوم بے حد شفیق بے حد محبت کرنے والے باپ، ایک باوفا، پرخلوص اور عزت دینے والے خاوند، مہربان، علم کی دولت لٹانے والے استاد، ایک عالم باعمل، دین کی خدمت کے لئے ہر لمحہ تیار اور مستعد، خلافت سے والہانہ وابستگی اور اس کو خدا کی عطا کردہ بہت بڑی نعمت سمجھنے والے تھے اور اس نعمت کا شکر ادا کرنا عملی طور پر بھی اور زبانی طور پر بھی واجب سمجھتے۔ خدا اور اس کے رسول ﷺ سے حقیقی عشق میں سرشار، قرآن و سنت کی پیروی کرنے والے، خدا پر کامل بھروسہ اور توکل رکھنے والے تھے۔ دعائیں بہت کرتے تھے۔ بہت خوش مزاج تھے اور ملنسار تھے۔ بوڑھے، جوان، بچے سب کے ساتھ تعلق تھا۔ ان کی صحبت میں بوریت محسوس نہیں ہوتی تھی۔ ہر موضوع کی گفتگو پر عبور تھا۔ بے پناہ ادبی ذوق کے مالک تھے۔ عام روزمرہ کی زندگی میں صبح سویرے اٹھ جاتے۔ نمازیں باقاعدہ باجماعت بیت الذکر میں ادا کرتے۔ گھر واپس آ کر اونچی آواز سے تلاوت کلام پاک کرتے۔ ناشتہ وغیرہ کر کے جامعہ چلے جاتے۔ جامعہ کے علاوہ افتاء کے دفتر کا کام، مختلف میٹنگز۔ کبھی صدر انجمن احمدیہ کی میٹنگ، کبھی تحریک جدید کی میٹنگ، وقف جدید کی میٹنگ، جامعہ میں لڑکوں کو پڑھانے کے علاوہ لڑکوں کی ہوسٹل میں ان کی پڑھائی کا خیال، کھانے پینے کا خیال، ان کی اخلاقی حالت پر نظر۔ کبھی کوئی اپنے مسائل لے کر گھر آ جاتا۔ غرض صبح سے لے کر شام تک یہی سلسلہ چلتا رہتا لیکن میں نے کبھی انہیں تھکتے نہیں دیکھا۔

اطاعت امام

دین کے کام بہت ذوق شوق اور لگن سے کرتے تھے۔ عجیب قسم کی بے خودی اور سرشاری کا عالم ہوتا۔ خلیفہ وقت کا حکم ٹالنا ایک گناہ کبیرہ سمجھتے تھے۔ خاندان حضرت مسیح موعود کے بزرگوں، جوانوں، بچوں کے لئے دل میں بے پناہ عقیدت اور عزت تھی۔ ان کا بہت احترام کرتے تھے۔ نظام خلافت کے خلاف نہ کبھی خود بات کی اور نہ کسی کی سنتے تھے۔ کئی دفعہ آزمائشیں بھی آئیں لیکن ہمیشہ ثابت قدم رہے۔ امام وقت کو مانا تو پوری طرح اپنے آپ کو ان کی غلامی میں دے دیا۔ ہمیشہ خدا سے اس کا فضل اور اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہتے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے تو عاشق زار تھے۔ ان کا آخر دم تک یہی دل رہا کہ حضور پرنور کے قدموں میں بیٹھا کام کرتا رہوں۔

تربیت کا ایک خاص انداز

بچوں کی تربیت کی طرف خاص نظر ہوتی۔ سمجھانے کا ایک خاص انداز تھا۔ دعاؤں میں اک ہوک سی اٹھتی تھی۔ تربیت کے لئے ہو سکتا ہے ایک خاص وقت تک کبھی جھڑکا بھی ہو لیکن آپ کی محبتیں، شفقتیں اور عنایتیں اتنی ہیں کہ گنتی کے ان چند لمحوں پر حاوی ہو جاتی ہیں۔ حالانکہ ہر ماں باپ کو بچوں کی تربیت کے لئے نرمی سختی کرنی پڑتی ہے۔ آپ نے کبھی سختی کی بھی ہو گی تو اس پر بے چینی اور پشیمانی دیر تک محسوس کرتے۔ ایک دفعہ مجھے کہنے لگے کہ 1953ء میں جب احمدیوں کے خلاف فسادات میں خطرہ کی وجہ سے سب کو گھر سے باہر نکلنے پر منع کیا ہوا تھا خاص طور پر بچوں کو۔ تو خاکسارہ چھوٹی تھی کہیں باہر نکل گئی ہوں گی۔ ابا جان سامنے سے آ رہے تھے۔ کہنے لگے کہ میں نے تمہیں باہر نکلنے پر بہت زور سے جھڑکا۔ جس سے تم بے اختیار ڈر کر چیخیں مارتی ہوئی گھر چلی گئی۔ کہنے لگے مجھے آج تک اس کا افسوس ہے کہ میں نے کیوں تمہیں اتنے زور سے جھڑکا تھا۔ کئی دفعہ انہوں نے ذکر کیا حالانکہ مجھے یہ واقعہ یاد بھی نہیں۔

پڑھائی، لکھائی میں باقاعدہ وقت دیتے۔ لکھائی کے لئے ہر بچے کو تختیوں پر اپنے ہاتھ سے روزانہ پورنے ڈال کر دیتے۔ ان کی اپنی لکھائی بہت اچھی تھی۔ اس لئے خواہش مند تھے کہ ہر بچے کی لکھائی بھی اچھی ہو۔ بچوں کی جب نماز کے پڑھنے کی عمر شروع ہوئی انگلی پکڑ کر باقاعدہ بیت الذکر لے جاتے رہے تا کہ نماز کی عادت پختہ ہو جائے۔ جب باشعور ہو گئے تو بس خدا سے اس کے فضل کی دعا مانگتے رہے۔ دینی، دنیاوی تعلیم جہاں تک ہو سکا سب کو دلوائی۔ مذہبی لحاظ سے تنگ دلی نہیں تھی۔ خدا اور اس کے رسول ﷺ کے احکام کے اندر رہ کر ایک اچھا ماحول رکھا۔ ایک دفعہ مجھے ناول پڑھتے دیکھ لیا۔ دیکھ کر کہنے لگے بیٹا ایک شرط پر ناول پڑھو گی کہ کم از کم ایک ناول کے بدلے دو یا تین کتابیں حضرت مسیح موعود کی ضرور پڑھنا اور ہمیشہ اچھا ادب پڑھنا۔ تربیت کا ایک عجیب پیارا انداز تھا۔

ایک دفعہ میں نے بہت شوق سے سفید برقعہ سلوایا۔ نیا برقعہ پہن کر نکلنے لگی تو برآمدے میں ابا جان بیٹھے اخبار پڑھ رہے تھے۔ میں نے سلام کیا تو دیکھ کر کہنے لگے سفید برقعہ میں تو سب کپڑے نظر آ رہے ہیں۔ کریم کلر کا ہوتا تو ٹھیک تھا۔ میں چپ کر کے چلی گئی۔ واپس آ کر پھر دوبارہ وہ برقعہ پہننے کو دل نہ چاہا۔ اس کو میں نے کالا رنگ کروا لیا۔ کچھ دنوں کے بعد پتہ نہیں کیا محسوس کیا مجھے وہ سفید برقعہ پہنے نہیں دیکھا تو کہنے لگے سفید برقعہ کدھر گیا ہے۔ کیوں نہیں پہنتی۔ میں نے کہا آپ نے ہی تو کہا تھا کہ کپڑے نظر آ رہے ہیں۔ اس لئے میں نے اس کو کالا رنگوا لیا ہے۔ بہت پیار سے کہنے لگے بیٹے میں نے تو ایسے ہی تبصرہ کر دیا تھا۔ تم نے برا منا لیا۔ پتہ نہیں کیوں پھر کبھی آج تک میں نے سفید برقعہ نہیں پہنا۔ حالانکہ ابا جان نے کبھی ہم پر پہننے اوڑھنے کی بے جا پابندی نہیں کی۔ کسی چیز پر اعتراض نہیں کیا تھا۔ صرف واہیات فیشن ناپسند تھا۔ باقی ہر قسم کی آزادی تھی۔ چھوٹوں سے شفقت اور بڑوں کی عزت خود بھی کی اور بچوں میں بھی یہی وصف دیکھنا چاہتے تھے۔ امی کے رشتہ داروں، بہن بھائیوں سب کی عزت تا زندگی کرتے رہے۔ اپنے رشتہ دار بھی جب آ جاتے ان سے بہت حسن سلوک سے پیش آتے حالانکہ غیر از جماعت ہونے کی وجہ سے سخت مخالفین میں سے تھے۔ امی کا بہت خیال رکھتے، عزت کرتے اور بچوں سے بھی کرواتے۔ مجھے یاد ہے کبھی کسی بات میں امی، ابا جان میں بحث ہو جاتی تو ہم سب بہنیں ابا جان کی سائیڈ لینے لگ جاتیں کہ ابا جان ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ لیکن ابا جان اس وقت ایک کہتے کہ نہیں تمہاری امی ٹھیک کہہ رہی ہیں اور ساتھ ہی کہتے امی کی عزت کیا کرو۔ تمہاری امی بہت قربانیاں ہیں۔ زندگی کے ہر موڑ پر انہوں نے میرا ساتھ دیا ہے۔ میرے ساتھ تعاون کیا ہے۔ دین کی خدمت میں بھی اور دنیاوی طور پر بھی۔

ہمدردی اور شفقت کا عجیب انداز

ہم جب چھوٹے تھے رات کو کوئی تکلیف ہوتی یا کسی چیز کی ضرورت ہوتی یعنی پانی وغیرہ پینا ہوتا تو ہم سب ہمیشہ آواز امی کو دیا کرتے تھے لیکن اٹھ کر ہمیشہ ابا جان آتے تھے اور پوچھتے کہ بیٹا کیا بات ہے۔ جو بھی ضرورت ہوتی پوری کر دیتے۔ چھوٹی چھوٹی ضرورتوں اور سہولتوں کا ضرور خیال ہوتا۔ سردیوں کے دنوں میں رات کو کمرے میں جب بجلی کے چھوٹے بلب ابھی عام نہیں ہوئے تھے ایک تیل کا دیا جلایا ہوتا، تا کہ کمرے میں ہلکی روشنی رہے۔ اس پر سٹینڈ رکھ کر اوپر پانی کا کٹورا رکھ دیتے۔ کہتے تھے ایک تو فضا بخارات کی وجہ سے خشک نہیں رہتی۔ دوسرے بالکل ٹھنڈا پانی ایک دم سوئے ہوئے انسان کو اٹھ کر نہیں پینا چاہئے۔ اس لئے سرد گرم پانی ملا ہمیشہ دیتے تھے۔ ہم اس بات پر حیران ہوتے تھے کہ بلاتے ہم امی کو ہیں مگر فٹافٹ ابا جان آ جاتے ہیں۔ بعد میں عقدہ کھلا کہ ایک تو ابا جان کی نیند بہت ہلکی تھی۔ ذرا سی آہٹ سے آنکھ کھل جاتی تھی۔ امی کی نیند گہری تھی۔ ان کے آرام کا بہت خیال تھا کہ سارا دن بچوں میں علیحدہ مصروف رہتی تھیں۔ پھر سروس بھی کرتی تھیں۔ اس لئے بے آرام نہ ہو جائیں۔ حالانکہ خود بھی صبح سے لے کر رات گئے تک مختلف کاموں میں مصروف رہتے تھے۔ امی بتاتی ہیں جب ہم چھوٹے تھے آپس میں تھوڑے فرق کی وجہ سے رات کو جب کبھی بچہ اٹھ جاتا۔ تو امی کے ساتھ باقاعدہ ابا جان بھی باری دیتے تھے۔ بعض مردوں کو دیکھا ہے بچوں کا رونا برداشت نہیں کر سکتے اور بیویوں کو جھڑک کر وہاں سے بھیج دیتے ہیں کہ نیند خراب ہو رہی ہے۔ بچوں کو باہر لے جاؤ۔ لیکن ابا جان اس بات سے بے چین ہو جاتے تھے کہ بچہ کیوں رو رہا ہے۔ کبھی اٹھا کر پھرتے۔ کبھی کوئی تکلیف میں دیکھتے تو دوائی دیتے۔ بہلاتے۔ اس کا تجربہ تو مجھے بھی ہے۔ خاکسار کی بیٹی فریحہ چند ماہ کی تھی۔ میں ان دنوں ربوہ ابا جان کے پاس گئی ہوئی تھی۔ بچی کو چیچک کا پہلا ٹیکہ لگوایا تھا۔ ہفتہ کے بعد اس ٹیکہ کا بہت ری ایکشن ہوا۔ شدید بخار تھا۔ بے چینی، بے قراری بہت تھی۔ بچی روئے جا رہی تھی۔ میں اپنی بیٹی کو اٹھا کر بیٹھی ہوئی تھی۔ ڈاکٹر نے کوئی دوائی دینے سے بھی منع کیا ہوا تھا۔ ساری رات اسی طرح بچی کی بے چینی سے روتے ہوئے گزری اور ساتھ ابا جان بھی جاگتے رہے۔ کبھی اٹھا کر بہلاتے، کبھی تھپکتے۔ میں نے بہت کہا کہ آپ جا کر سو جائیں کہیں بیمار نہ پڑ جائیں لیکن ساری رات میرے ساتھ آنکھوں میں کاٹ دی کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے میری پیاری بچی تکلیف میں ہے اور میں سو جاؤں۔

ایک دفعہ امی بیمار تھیں۔ غالباً ہمارا بھائی مجیب پیدا ہوا تھا۔ ابا جان ہم چاروں بہنوں کو لے کر اپنے اردگرد بٹھا لیتے اور ایک قسم کی بڑی مزیدار سی میٹھی روٹی بنا کر دیتے تھے۔ آٹے میں دودھ، چینی انڈا، گھی ڈال کر گوندھ کر روٹی بناتے تھے۔ کہتے کہ ایسے روٹی میری ماں یعنی تم لوگوں کی دادی مجھے بنا کر دیتی تھیں جب بھی میں سفر پر جاتا تھا۔

پھر خدا کا بہت فضل تھا سب بیٹیوں کے فرض ادا کرنے کی توفیق ملی۔ خدا کا بہت احسان مانتے اور شکر ادا کرتے کہ خدا نے اپنے فضل سے بہت اچھے نیک، عزت کرنے والے داماد اور بہوویں عطا کیں۔ آپ سب کا بہت عزت و احترام کرتے تھے۔ اپنے بیٹے بیٹیوں سے بھی بڑھ کر پیار کرتے تھے۔ رشتے کرتے وقت بھی بیٹیوں کو پیار سے سمجھا کر رشتے کئے۔ ابا جان نے مجھے سب سے پہلا خط ہی رشتہ کے متعلق لکھا۔ ان کو جو میرے مناسب رشتے لگے ان کا ذکر کرتے ہوئے لکھا:

”دنیا کی یہی ریت ہے۔ میں نہیں جانتا یہ کیوں ہے۔ بیٹیاں بھی دوسرے گھر بساتی ہیں اور بیٹے بھی دوسروں کے بن جاتے ہیں۔ ماں، باپ بیچارے تو

صرف فکر وافسوس کے لئے یا اچھی خبروں کی امید میں منزل مقصود کی طرف رواں دواں رہتے ہیں۔ بہرحال اسی ریت کے ماتحت یہ خط لکھ رہا ہوں۔ اس وقت دو پیغام آئے ہیں .... اللہ تعالیٰ تمہاری راہنمائی فرمائے اور جو فیصلہ بھی ہو وہ بابرکت اور مسرتوں سے بھرپور اور روشن مستقبل کا حامل ہو۔ آمین۔ والسلام۔ تمہارے ابا جان۔''

احمدیت کی برکت

ہمیں کہتے کہ خدا کا شکر کرو خدا تعالیٰ نے تمہیں احمدیت کی برکت سے نوازا ہے۔ اس کی قدر کرو جو صحیح دین سکھاتی ہے۔ اپنے خاندان کا ذکر اکثر کرتے۔ بہت سے واقعات سناتے رہتے تھے۔ آپ کا خاندان اگرچہ مذہبی، فقہی علوم سے مالا مال تھا لیکن جاہلیت کے رسموں و رواج اور بے جا پابندیوں سے اٹا ہوا تھا۔ وٹے، سٹے کی شادیاں یا بالکل بے جوڑ شادیاں۔ بیٹے کا گھر نہ بسا تو بیٹی کا اچھا بھلا گھر اجاڑ دیا۔ بیٹی کا نہ بسا تو بہو کو اپنے گھر بھجوا دیا۔ سترہ اٹھارہ سال کا لڑکا ہے تو چالیس سال کی عورت کے ساتھ زبردستی شادی یا تیرہ چودہ سال کی اپنی لڑکی ہے اور باپ شادی کرنا چاہتا ہے تو بدلے میں بیٹی کی شادی چالیس پچاس سالہ بوڑھے سے کرنا یہ سب عام معمول ہے اور پھر وہی مرنے جینے کی بدعتیں۔ ان سب چیزوں سے ابا جان مرحوم فطرتاً بیزار تھے۔ ایک واقعہ اپنے بزرگوں کا بتایا کرتے تھے کہ ایک دفعہ ہمارے بزرگ تھے۔ وہ گھر آئے۔ آ کر اپنی بیوی کو جو کہ سوئی ہوئی تھیں کسی کام کے لئے اٹھایا۔ اس کے لئے ہاتھ پکڑا ہوگا۔ لیکن پتہ چلا کہ وہ تو ان کی بہو سوئی ہوئی تھی۔ اسی وقت اپنے بیٹے کو کہہ کر اس کو طلاق دلوا دی کہ اس کو میرا ہاتھ لگ گیا ہے۔

کیا میں دوبارہ ان بدعتوں میں گھر جاؤں

ان کے خاندان میں مذہب کو غلط طریقہ سے استعمال کرتے تھے لیکن ابا جان کی فطرت اس ماحول میں پرورش پانے کے باوجود فطرت صحیحہ پر تھی۔ دادا جان جب فوت ہوئے تو ان کے سوتیلے بہن بھائیوں نے ان کو وقت پر اطلاع نہ دی۔ دادا جان کے جنازہ پر نہ پہنچنے کا ابا جان کو بہت افسوس تھا۔ یہ بتاتی چلوں کہ ابا جان کی احمدیت قبول کرنے کے تقریباً 37,36 سال بعد ہمارے دادا جان نے بھی احمدیت قبول کر لی تھی اور ابا جان کی اپنی والدہ بھی احمدی ہوگئی تھیں۔ یہ خدا کا ابا جان پر بہت فضل تھا کہ ان کی خواہش کو خدا تعالیٰ نے پورا کیا۔ باقی ابا جان کی دوسری والدہ اور ان کی سب اولاد غیر احمدی ہیں۔ بعد میں جب ابا جان اپنے ابا کے افسوس کے لئے گاؤں گئے تو سب نے ان کو کہا کہ بھائی صاحب رواج کے مطابق ابا جی کا چالیسواں ہم کریں گے۔ آپ شامل ہوں۔ ابا جان نے ان سے یہ کہہ کر معذرت کر لی کہ خدا نے مجھے حق کو پہچاننے کی توفیق دی ہے۔ کیا میں دوبارہ انہیں بدعتوں میں گھر جاؤں۔ ابا جان نے امام وقت کو مانا تھا تو پھر ان کی ہر بات پر امنا و صدقنا کہا۔

محبت کی جائیداد میں بیٹے بیٹیوں کا یکساں حصہ

ہمارا اتنا خیال رکھا ہے کہ کوئی بہن بھائی تشنگی کا اظہار نہیں کر سکتا بلکہ سب اپنی جگہ یہی سمجھتے ہیں کہ ابا جان صرف اسی کو زیادہ چاہتے تھے۔ ویسے تو ترکہ میں بیٹے کے دو اور بیٹی کا ایک حصہ ہے۔ لیکن ابا جان کی محبت کی جائیداد میں بیٹے بیٹیوں کا حصہ یکساں تھا۔ بلکہ میرے خیال میں چاہت کے لحاظ سے بیٹیوں کے دو حصے تھے۔ ان کے اندر ہمارے لئے محبتوں کے سات سمندر موجزن تھے۔ جن کی روانی بالکل یکساں تھی۔ میرے سے تو اپنی وفات سے پانچ چھ سال قبل ہی جدا ہو گئے تھے۔ ان پانچ سالوں کا حساب سوائے میرے پاس ان کے خطوط کے کچھ نہیں۔ ایک دفعہ ان کی زندگی میں ملنے کی خواہش تھی کہ میں ان سے ملوں۔ دل کی باتیں کہوں کیونکہ اپنی ساری فکریں، غم، پریشانیاں ان کو دے کر ہم بے غم ہو جاتے۔ پتہ تھا کہ ان کے اندر بہت وسعت ہے۔ ہمیں کوئی نصیحت کریں گے۔ ہمارے لئے درد سے دعائیں کریں گے۔ وہ پانچ سال میرے لئے تا زندگی حسرت کا باعث رہیں گے۔

اپنے ملک سے بے پناہ محبت تھی

باہر جب تک رہے دل نہیں لگتا تھا۔ ہر وقت واپس آنے کے لئے بے چین رہتے تھے۔ جس کا وقتاً فوقتاً خطوں سے اظہار کرتے تھے۔ کینیڈا جانے سے پہلے ایک خواب سنائی کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ ایک کمرہ ہے۔ جس میں بند ہوں۔ میرے پیچھے بڑی بڑی تین چار ڈراونی عورتیں لگی ہوئی ہیں۔ میں کمرے سے باہر نکلنا چاہتا ہوں لیکن راستہ سب طرف سے بند ہے نکل نہیں سکتا۔ اسی اثناء میں آنکھ کھل گئی ہے۔ میرے خیال میں وہ عورتیں بیماریاں تھیں جو کینیڈا جا کر ہوئیں۔ شوگر کے مریض تھے۔ اس میں پہلے وہاں پراسٹیٹ کا آپریشن ہوا۔ اس کے زخم ٹھیک ہونے پر پاکستان آنے کا پروگرام بنایا تو اچانک طبیعت خراب ہوگئی۔ تشخیص پر لبلبہ کا بائی پاس آپریشن ہوا۔ بہت باہمت تھے۔ باوجود کمزور ہونے کے بہت ہمت سے آپریشن کروائے۔ اسی آپریشن کے بارے میں ایک خط میں لکھتے ہیں:۔

''خاکسار کا آپریشن خاصہ بڑا تھا۔ تمہاری آپا کو (ہم اپنی امی کو آپا کہتے ہیں) بڑی تشویش تھی۔ بار بار کہتی تھیں تمہیں ڈر نہیں لگتا آپریشن کی تختہ پر لیٹتے سے۔ لیکن میں نے کہا دیکھنے کو کیا ہوتا ہے۔ یہ مردانگی نہیں کہ ہاں کر کے مکر جاؤں لیکن آپریشن کے بعد جو برا حال ہوا بس تارے ہی نظر آ گئے اور یہ شعر دماغ میں بار بار گھومتا رہا۔ ع

پیتم جو میں ''جانتا'' پیت کرے کے دکھ ہو
جگت ڈھنڈورا ''پیٹتا'' پیت نہ کریو کو

بہرحال جو گزر گئی گزر گئی۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے خاصا آرام ہے۔''

باقی کے خط میں سب بچے جو ان کے پاس تھے ان کی خدمتوں کو بہت سراہا اور دعائیں دیں۔ وہاں کے ڈاکٹروں، نرسوں کی خدمات کا اعترافات اور اس بات کی خواہش کہ کاش ہمارے ملک کے ڈاکٹروں، نرسوں میں بھی اسی طرح کی خدمات کا بےلوث جذبہ ہو۔

چاندنی جب ترے آنگن میں اترتی ہوگی

اپنی بیماری کی وجہ سے اور کچھ کام میں مصروفیت کی وجہ سے خط لکھنے کم ہو گئے تھے لیکن مجھے کہاں چین تھا۔ اتنی بڑی ہونے کے باوجود بچوں کی طرح ضد کرنے میں بڑا مزا آتا تھا۔ خوب گلوں شکووں سے بھرا خط لکھا کہ آپ سب تو اکٹھے وہاں اتنی دور بیٹھے ہیں لیکن میں اگر پاس نہیں ہوں تو کم از کم اپنی دعاؤں سے بھری تحریر سے تو محروم نہ کریں۔ اس کے جواب میں بہت لمبا چوڑا خط لکھا جو میرے نام ان کی زندگی کا آخری خط ہے۔ آپ خوب دعائیں دے کر لکھتے ہیں:۔

''پیاری بیٹی تین روز ہوئے آپ کا مفصل خط جو محبت بھرے جذبات سے پُر اور معلومات سے بڑی حد تک خالی تھا ملا۔ دل کو فرحت ہوئی اور بہت خوشی۔ تمہاری آپا کا تو فرط جذبات سے رونا نکل آیا۔ میرے آنکھوں سے بھی آنسو نکلنے کو مچلنے لگے۔ بڑی مشکل سے انہیں روکا۔ بیٹا اب تو دل یہی چاہتا ہے کہ سال میں کم از کم ایک دفعہ سب عزیز اور بچے اکٹھے ہوں اپنے ماں باپ کے ساتھ جب جواب چراغ سحری ہیں۔ یہ دن اکٹھے خوشی خوشی گزاریں۔ پہلے تو جلسہ سالانہ اس مقصد کو پورا کر دیتا تھا اب وہ موقع بھی ہاتھ سے نکلتا نظر آ رہا ہے۔ خدا کوئی متبادل بہتر صورت مہیا فرما دے۔ آمین۔ اب ہجرت سے دل اکتا گیا ہے۔ پہلے زاد بوم (جائے پیدائش) سے ہجرت کر کے قادیان دارالامان آئے۔ پھر وہاں سے ہجرت کر کے لاہور آئے۔ وہاں سے ہجرت کی تو ربوہ آ گئے۔ اب وہ بھی چھوٹتا نظر آ رہا ہے۔ ہزاروں میل کے فاصلہ پر بیٹھے ہیں۔ نہ معلوم یہ فاصلے کب پاٹنے کی توفیق ملے۔ بس دعائیں ہیں اور تم بھی دعائیں کرتی رہوں۔ اس کی طاقتوں سے کوئی چیز باہر نہیں۔ وہ چاہے تو آن کی آن میں سب تمنائیں پوری کر دے۔ اگر مناسب اور اطمینان بخش روزگار اپنے وطن میں ہو تو اپنا وطن ہی اچھا ہے بلکہ بہشت برابر''۔

آخر میں لکھتے ہیں:۔

''اب بس کرتا ہوں۔ تھک بھی گیا ہوں۔ امید ہے اب مزید گلہ شکوہ بھی نہیں رہا ہوگا۔ ایک شعر لکھ رہا ہوں

چاندنی جب تیرے آنگن میں اترتی ہو گی
تجھ سے اے دوست میرا ذکر تو کرتی ہو گی

والسلام،
تمہارے ابا جان''

اس کے بعد آپ وطن واپس تو آئے مگر خاموش بے نیاز۔ خدا انہیں اپنے فضل سے بخش دے اور پاک بندوں میں شامل فرمائے۔

محمد الیاس اکبر صاحب سیکرٹری اشاعت مجلس نابینا ربوہ

نابینا افراد کے لئے آسانی پیدا کریں

☆ جب کوئی نابینا کسی دفتر یا بنک وغیرہ میں بل ادا کرنے یا کسی کام کے سلسلے میں جاتا ہے تو عام طور پر کلرک کاغذات اداشدہ بل یا بقایا رقم بغیر بولے کاؤنٹر پر رکھ دیتے ہیں اور اپنے کام میں مصروف ہو جاتے ہیں کیونکہ ہمیں نظر نہیں آتا تو ہم اسی خیال میں انتظار کرتے رہتے ہیں کہ وہ ہمیں اب ہمارے مطلوبہ کاغذ پکڑائے گا لیکن کچھ دیر بعد جب ہم مطالبہ کرتے ہیں تو وہ کلرک کہہ دیتے ہیں کہ کب سے تو کاؤنٹر پر پڑے ہیں تم کیوں نہیں اٹھاتے۔ اس لئے ایسے وقت اگر کلرک کاغذات یا رقم واپس دیتے وقت اونچی آواز میں نابینا افراد کو مطلع کر دیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔

☆ اسی طرح جب ہم کہیں جا رہے ہوتے ہیں تو بعض احباب کہتے ہیں ''حافظ جی! آگے پانی ہے'' یہ تو ہمیں معلوم نہیں ہوتا کہ کہاں پانی ہے دائیں یا بائیں مگر شور سے ہمیں پریشانی ضرور ہوتی ہے۔ اس صورتحال میں اگر معین طور پر بتایا جائے کہ کہاں پانی ہے یا کوئی روک ہے تو یہ ہمارے لئے فائدہ مند ہوگا اسی طرح ہم جب کبھی راستہ بھول جائیں تو کہتے ہیں راستہ کیسے بھول گئے؟ یہ کیسے ہو سکتا ہے!'' یعنی وہ سمجھتے ہیں کہ ہم غیب کا علم بھی جانتے ہیں۔ اس طرح کے الفاظ سن کر نابینا افراد کی دل آزاری ہوتی ہے جس سے بچنا چاہئے۔

☆ بعض افراد کہہ دیتے ہیں کہ بازار میں اکیلے کیوں آئے ہو۔ کسی کو ساتھ کیوں نہیں لے کر آئے۔ یہ سب کو معلوم ہے کہ ہر وقت ہمارے ساتھ کوئی بھی نہیں رہ سکتا۔ اپنے اپنے کاموں میں ہر کوئی مشغول ہے۔ اس لئے ہم بعض اوقات مجبوراً اکیلے گھر سے باہر جانے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

پس احباب سے ہماری درخواست ہے کہ ہماری معذوری کا خیال کرتے ہوئے ہمارا دھیان رکھیں۔

مکرم پروفیسر ڈاکٹر پرویز پروازی صاحب

مولانا ابوالکلام آزاد کا سفر قادیان

قادیان اللہ تعالیٰ کے فضل سے مرجع خلائق رہا ہے اور ہمیشہ سے حضرت اقدس مسیح موعود کے اس الہام کی گواہی دیتا رہا ہے کہ لوگ دور دراز سے چل کر تیرے پاس حاضر ہوا کریں گے۔

حضور کے دعویٰ سے قبل اور دعوے کے بعد ہزار ہا لوگ قادیان میں حاضر ہوئے۔ 1905ء میں بمبئی سے آنے والے ایک نوجوان کا ذکر میں کرنا چاہتا ہوں جسے صغر سنی ہی میں شہرت حاصل تھی مگر لوگ اسے دیکھ کر استعجاب کرتے تھے۔ 1904ء میں مولانا شبلی ان سے ملے۔ مولانا آزاد نے اپنی خودنوشت میں لکھا ہے ''میں نے اپنا نام ظاہر کیا تو اس کے بعد آدھے گھنٹے تک ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں اور چلتے وقت انہوں نے کہا ''تو ابوالکلام آپ کے والد ہیں'' میں نے کہا ''نہیں میں خود ہوں''۔ (آزاد کی خودنوشت ص 152,151) آنے والے کا نام محی الدین فیروز بخت اور کنیت ابوالکلام تھی۔ اس وقت ان کی عمر پندرہ برس کے قریب تھی مگر یہ اپنی خطابت، صحافت اور خاندانی وجاہت کے سبب سے ہندوستان کے علمی حلقوں میں خاصے جانے پہچانے تھے۔ ان کے والد کلکتہ کے ایک روحانی سلسلہ کے شیخ تھے اور ان کا حلقۂ ارادت بھی بہت وسیع تھا۔ یہ نوجوان بعد کو ابوالکلام آزاد کے نام سے ہندوستان کے سیاسی اور علمی افق پر ستارہ بن کر چمکا۔

آپ قادیان میں حاضر ہوئے۔ رات وہیں گزاری۔ جمعہ کی نماز مولانا عبدالکریم کی امامت میں پڑھی۔ نماز سے قبل اور بعد میں انہیں سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ اس سفر قادیان کی روداد مولانا نے اپنی خودنوشت میں بیان کی ہے جو 1921ء میں لکھی گئی اور جسے ان کے رفیق زنداں ملیح آبادی نے محفوظ رکھ کر بعد کو چھپوایا۔ اس خودنوشت سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا انجمن حمایت اسلام کے جلسہ میں شرکت کرنے کے لئے بمبئی سے لاہور تشریف لائے تھے۔ اس جلسہ میں ان کی ملاقات مولوی یعقوب علی عرفانی ایڈیٹر الحکم سے ہوئی انہوں نے مولانا کو قادیان آنے کی دعوت دی اور آنے سے قبل اطلاع دے کر آنے کو کہا مگر مولانا بغیر کسی اطلاع کے قادیان آ گئے۔ اب آگے ان کے سفر کی ساری روداد خود ان کے قلم سے لکھی ہوئی موجود ہے۔ لکھتے ہیں:۔

''سفر پنجاب میں میں قادیان بھی گیا۔ مرزا غلام احمد قادیانی مرحوم کے دعاوی اور بعض رسالے دیکھ چکا تھا۔ طبیعت میں ہر نئی بات کے تجسس اور واقفیت کا شوق تھا ہی، خیال ہوا کہ انہیں بھی دیکھنا چاہئے۔ چنانچہ بٹالا گیا اور وہاں سے قادیان روانہ ہوا۔ سخت گرمی شروع ہو چکی تھی اور سڑک بالکل کچی تھی۔ بڑی تکلیف ہوئی۔ وہاں پہنچا تو قصبہ کے ایک باغ میں اتارا گیا معلوم ہوا کہ مرزا صاحب اور ان کے وابستہ اشخاص یہیں مقیم ہیں۔ اس سال کانگڑے کا مشہور زلزلہ آیا تھا اور اس کے بعد عرصے تک کچھ کچھ وقفہ کے بعد زلزلوں کا ظہور ہوتا رہا۔ یہ زیادہ نقصان رساں نہ تھے۔ لیکن آئندہ کے لئے کھٹکا پیدا ہو گیا تھا۔ زلزلے ہی کی وجہ سے مرزا صاحب عمارات کو چھوڑ کر باغ میں آ گئے تھے۔ شام کو مغرب کے بعد پہنچا۔ یکے والا مرزا صاحب کا مرید تھا اس لئے وہ ٹھیک منزل مقصود پر لے گیا۔ انجمن (انجمن حمایت اسلام) کے جلسے میں قادیان کے کئی شخصوں سے ملاقات ہو گئی تھی انہی میں مولوی یعقوب علی ایڈیٹر الحکم بھی تھے انہوں نے بھی حسب عادت اصرار کیا تھا کہ میں قادیان جاؤں اور وعدہ لیا تھا کہ روانگی سے پہلے اطلاع دے دینا لیکن میں نے کوئی اطلاع نہیں دی تھی۔ ایک درخت کے نیچے چارپائی پر مولوی عبدالکریم مرحوم بیٹھے تھے میں نے ان کی بیساکھی سے جو پاس پڑی تھی پہچان لیا کہ مولوی عبدالکریم یہی ہیں کیونکہ میں پہلے سن چکا تھا۔ ان کے بعض عزیز والد مرحوم کے مرید تھے اور کلکتے میں ذکر کیا کرتے تھے میں ان سے ملا اور آنے کا مقصد مرزا صاحب سے ملاقات بتایا۔ وہ بڑے تپاک سے ملے اور فوراً لوگوں سے کہا کہ میرے لئے کھانا لے آئیں اور کہا اکرام ضیف تو ہمارا فرض ہے۔

میں یکے کے سفر اور کچی سڑک کی وجہ سے ہچکولوں سے بالکل چور ہو رہا تھا۔ عشاء کی نماز مولوی عبدالکریم کے پیچھے پڑھ کر ایک درخت کے نیچے لیٹ گیا اور صبح کو چار بجے اٹھا تو نماز کے چبوترے پر لوگوں کو نماز صبح کے لئے تیار پایا اور اس سے طبیعت متاثر ہوئی۔ نماز کے بعد مرزا صاحب باہر نکلے اور ایک چارپائی پر بیٹھ گئے۔ معتقدین نے ہر طرف سے ہجوم کیا۔ بعض لوگ پاؤں دبانے لگے انہوں نے مولوی نورالدین مرحوم کو بلایا۔ میں ان کا نام مرزا صاحب کی جماعت کے ایک خاص رکن کی حیثیت سے سن چکا تھا وہ خضاب کی وجہ سے ڈھاٹا باندھے آئے اور مرزا صاحب نے گزشتہ شب کے الہامات سنانا شروع کئے۔ ...... پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور میرے حالات پوچھتے رہے اور کہا جب آپ آئے ہیں تو کم سے کم چالیس دن تک ضرور رہئے اس طرح آنے اور جلد چلے جانے سے تو کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد مرزا صاحب اندر چلے گئے اور مولوی عبدالکریم مرحوم نے مجھے پھر مولانا نورالدین مرحوم اور جماعت کے بڑے بڑے لوگوں سے ملایا۔ نواب محمد علی مالیر کوٹلہ کے بھی وہیں تھے۔ جمعہ کی نماز وہیں ایک میدان میں ہوئی۔ میں گیا تو لوگوں نے مجھے پہلی صف میں جگہ دی۔ اتنے میں مرزا صاحب آئے اور منبر کے جنب میں امام کے مصلے پر بیٹھ گئے۔ اس وقت مولوی عبدالکریم نے خطبہ دیا۔ خطبے کا موضوع یہ تھا کہ ''بہت سی برکتیں جو ......سلف کے حصے میں نہیں آئیں ان سے خدا نے مرزا صاحب کو سرفراز فرمایا۔ از انجملہ یہ کہ اعلان ...... کے یہ وسائل ان ...... کے زمانے میں کہاں تھے؟ ریل، تار، ڈاک، گراموفون، اخبارات پریس وغیرہ۔ ان وسائل سے کس طرح ہر صد اشرق وغرب میں پھیلائی جا سکتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

نماز بھی مولوی عبدالکریم صاحب نے پڑھائی اور مرزا صاحب صف سے آگے مگر ان سے دو انچ پیچھے تنہا کھڑے رہے۔ نماز کے بعد پھر میری طرف ملتفت ہوئے اور اصرار کیا کہ میں چندے قیام کروں۔ میں نے معذرت کی اور اسی دن روانگی کا ارادہ ظاہر کیا۔ میرا مقصود اس سفر سے وہاں کے طور طریقے دیکھ لینے کا تھا تاکہ معلومات سے باہر یہ معاملہ باقی نہ رہے۔ اس سے زیادہ کوئی خواہش نہ تھی وہاں کوشش یہ تھی کہ میں کوئی معین خیال بھی ظاہر کروں۔ مرزا صاحب نے کئی باتیں اپنے دعاوی اور منصب کی نسبت ایسی کہیں جو سامع کو نفیاً اور اثباتاً کسی جواب پر مجبور کرنے والی تھیں لیکن میں خاموش رہا۔ انہوں نے مجھے پوچھا کہ میری تمام کتابیں تم نے دیکھی ہیں؟ جو رسائل میں نے دیکھے تھے ان کا ذکر کیا اس پر انہوں نے چند کتابیں مجھے دینے کے لئے مولوی محمد (صادق) ایڈیٹر بدر سے کہا، جو اس صحبت کے نوٹ لے رہے تھے۔ انہوں نے وفات مسیح کا بھی ذکر کیا اور کہا یہی مسئلہ ہے جس کے اعلان نے کسر صلیب کی خبر پوری کر دی۔ اس پر میں نے کہا کہ اگر ایسا ہے تو میں سمجھتا ہوں آپ سے پہلے بعض مفسرین مثلاً صاحب ''اسرار الغیب'' اور اس عہد میں مولوی چراغ علی اور سرسید اس کا بڑے زور شور سے اعلان کر چکے ہیں۔ یہ بات ان پر گراں گزری انہوں نے کہا مولوی چراغ علی اور سرسید نے جو کچھ کہا وہ محض مادی رنگ میں تھا اور میں نے اسے روحانی رنگ میں ثابت کیا ہے۔ یہ بات میری سمجھ میں نہ آئی مگر میں بحث کا رویہ اختیار نہیں کرنا چاہتا تھا اور نہ کوئی اس طرح کا جذبہ اپنے اندر رکھتا تھا۔ میرے خیالات اس وقت سرسید کی تقلید پر مبنی تھے اس لئے ان کے مشن سے مجھے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ اس کے بعد دیر تک مولوی نورالدین مرحوم اور بعض دیگر وہاں کے اعیان سے ملا۔ واپسی میں نواب محمد علی نے اپنی رتھ بٹالے تک کے لئے دے دی جو کچی سڑک پر بہت آرام دیتی ہے اور واپسی میں مجھے اس پر بہت آرام رہا۔ (مولانا ابوالکلام آزاد کی خودنوشت ص 238 تا 241 مطبوعہ دہلی 2002ء)

نئی روشنی کے اس نوجوان کی حضرت اقدس مسیح موعود سے ملاقات کی روداد اخبار بدر قادیان مورخہ 11 مئی 1905ء میں درج ہے۔ ملاقات کی معین تاریخ درج نہیں لیکن یہ لکھا ہے کہ یہ ڈائری 2 مئی کی ہے۔ ملاقات کا وقت قبل نماز ظہر لکھا ہے۔ مولانا کی خودنوشت میں جمعہ کی نماز پڑھنے کا ذکر ہے۔ 2 مئی 1905ء کو منگل کا دن تھا لیکن جس پرچہ میں روداد چھپی ہے وہ 11 مئی کا ہے اس لئے عین ممکن ہے یہ ملاقات 5 مئی کو ہوئی ہو۔ اللہ اعلم بالصواب۔ متعلقہ روداد یوں ہے۔

ایک نئی روشنی کے نوجوان جو بمبئی سے کسی تقریب پر لاہور آئے ہوئے تھے اور وہاں سے حضرت اقدس کے شوق ملاقات میں قادیان تشریف لائے تھے حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت ان کا حال دریافت کرتے رہے اس کے بعد آپ نے فرمایا ''زمانہ میں بہت انقلاب ہوتے ہیں لیکن اکثر آجکل لوگوں کا یہ حال ہے کہ ایک طرف ایسے جھکے ہوئے ہیں کہ دوسری طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے اور اپنے دنیوی کاموں میں یا رسمی معاملات میں ایسے منہمک ہیں کہ دوسری جانب یا تو نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے یا اس سے قطعاً نفرت رکھتے ہیں لیکن جو بات خدا کی طرف سے ہونے والی ہے وہ خواہ مخواہ ہو کر رہتی ہے۔ دیکھو ایک زور آور سیلاب جو آنے والا ہوتا ہے اس کو کوئی کتنا ہی روکے بہرحال وہ آہی جاتا ہے اور کسی کے روکنے سے رک نہیں سکتا۔ حضرت نے اس نوجوان سے یہ دریافت کرنے پر کہ آپ کتنے روز ہمارے پاس قیام کریں گے انہوں نے عرض کی کہ مجھے کل واپس جانا ضروری ہے۔ اس پر فرمایا کہ آپ اخلاص کے ساتھ یہاں آئے ہیں آپ چند روز ٹھہرتے تو خوب ہوتا۔ مگر آپ کا وقت تنگ ہے دوسرے پہلو کو بھی سمجھ لینا چاہئے۔ ؏

کار دنیا کسے تمام نہ کرد

جیسا جیسا انسان کسی کام میں بڑھتا ہے ویسا ہی اس کام کے بڑھنے اور زیادہ ہونے کے بھی راہ کھلتے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ دوسری طرف توجہ کرنے کے واسطے انسان کے پاس نہ وقت رہتا ہے اور نہ ہمت۔ مگر رشید آدمی کے واسطے خدا تعالیٰ آپ ہی سامان مہیا کر دیتا ہے اور اس کے دل کے اندر ہی ایک واعظ پیدا کر دیتا ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے اذا اراد اللہ خیر یفقھہ فی الدین۔ جب اللہ تعالیٰ کسی کے واسطے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسے دین میں فہم عطا کرتا ہے۔ آجکل لوگوں کو انگریزی تعلیم نے فریفتہ کر رکھا ہے اور اکثر لوگ ایسے ہیں کہ ان کو دوسرے گھر کا ایمان ہی نہیں اور اگر کسی کو ہے تو ایسا ہے کہ ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ مگر اس وقت اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ وہ اپنا چہرہ دکھلاوے۔ مخلوق کی قساوت قلبی انتہا تک پہنچ گئی ہے اور لوگوں نے نرمی سے فائدہ نہیں اٹھایا۔ اس واسطے وہ اب قہری نشان بھی دکھانا چاہتا ہے۔ سعید ہیں وہ لوگ جو قبل ایسے نشانات کے واقع ہو جانے کے ایمان لاویں ورنہ فرعون کی طرح آفت میں پڑ کر ایمان لانا مفید نہیں ہوتا۔ جو لوگ بعد میں ایمان لاتے ہیں وہ برگزیدہ پاک جماعت میں داخل نہیں ہو سکتے۔ آپ کا ہمارے پاس آنا دو نتائج سے خالی نہیں۔ یا تو قبل از وقت آپ پر اثر پڑے یا بعد میں آپ کو حسرت

ہو۔(نوجوان خدا کرے دوسری بات نہ ہو)

جس سلطنت کے نیچے لوگ رہتے ہیں اس کا اثر مخلوق پر ضرور ہی ہوتا ہے۔ لوگ اگرچہ بظاہر ایک مذہب رکھتے ہیں تاہم ان کا سارا رخ دنیا کی طرف ہے اور خدا کی طاقتوں پر ایمان نہیں ہے۔ لیکن اب وقت آگیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی سنت قدیمہ کے مطابق پھر جلوہ دکھائے۔ یہ زمانہ نوح کے زمانہ سے بہت ملتا ہے۔ اس وقت بھی لوگ اکثر دہریہ تھے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے...... میں ایک مخفی خزانہ تھا پھر میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں۔ صرف انگریزی زبان میں کوئی کتنی ہی ترقی کر لے اس کا نتیجہ بجز دنیا کے اور کچھ نہیں۔ یوں دیکھ لینا چاہئے کہ جو بچے ایسے ہیں کہ ان کے ماں باپ ہر دو انگریز ہیں ان کا انگریزی میں کمال ان کو دین کے لئے کیا فائدہ دے سکتا ہے؟ کیونکہ یہ زبان وہ نہیں جس کے ساتھ فخر کیا جاسکے۔ معاش بیشک انسان پیدا کر سکتا ہے مگر معاش تو ایک مزدور بھی ویسی ہی پیدا کر لیتا ہے بلکہ وہ مزدور اچھا ہے کہ اس کے ساتھ وساوس نہیں ہیں۔ ہمارا منشاء یہ نہیں کہ انگریزی نہ پڑھو خود ہماری جماعت میں بہت انگریزی خواں ہیں اور بی اے۔ ایم اے تک تعلیم یافتہ ہیں اور معزز سرکاری عہدوں پر ملازم ہیں لیکن ہمارا منشا یہ ہے کہ اس سے نیک فائدہ اٹھاؤ اور اس کے برے فلسفہ سے بچو جو انسان کو دہریہ بنا دیتا ہے۔

ہر شے میں ایک اثر ہوتا ہے۔ چونکہ انگریزی زبان میں بہت سے کتابیں اس قسم کی ہیں جو دہریت یا دہریت کی طرف جھکے ہوئے خیالات اپنے اندر رکھتی ہیں اس واسطے بغیر کسی رشد اور فضل الٰہی کے ہر ایک شخص اس سے کچھ نہ کچھ حصہ ضرور لے لیتا ہے۔ آجکل دنیا کے لئے حد سے زیادہ زور لگایا جاتا ہے مگر معاش کے لئے سب دروازے کھلے ہیں۔ افراط کا نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔ دنیا میں بہت لوگ ایسے ہیں کہ وہ خدا پر ایمان رکھنے کا جھوٹا دعویٰ رکھتے ہیں۔ کیا آخرت کے لئے وہ اس قدر محنت اور جاں خراشی کرتے ہیں جس قدر کہ وہ دنیا کے لئے کر رہے ہیں؟ ان کو معلوم ہی نہیں کہ اس طرف کا معاملہ بھی کبھی پڑے گا۔

نوجوان نے عرض کی کہ میں نے عربی بھی ساتھ ساتھ پڑھی ہے۔ حضرت نے فرمایا:

ہم تو صرف اتنے پر بھی خوش نہیں ہو سکتے۔ کیا ہزاروں مولوی ایسے نہیں ہیں جو بڑے بڑے علوم عربیہ کی تحصیل کر چکے ہیں مگر پھر بھی وہ اس سلسلۂ حقہ کی مخالفت کرتے ہیں اور وہ علوم ان کے واسطے اور بھی زیادہ حجاب کا موجب ہو رہے ہیں۔ ہزاروں مولوی ہیں جو بجز گالیاں دینے کے اور کچھ کام نہیں رکھتے۔ بیشک معارف قرآنی کا ذخیرہ سب عربی میں ہے تاہم جب ایک مدت گزر جاتی ہے اور خدا کے ایک رسول کو بہت زمانہ گزر جاتا ہے تب لوگوں کے ہاتھ میں صرف الفاظ ہی رہ جاتے ہیں۔ جن کے معانی اور معارف کسی پر نہیں کھل سکتے جب تک کہ اللہ تعالیٰ ان کے واسطے کوئی چابی پیدا نہ کر دے۔ جب خدا کی طرف سے راہ کھلتا ہے تب کوئی منور قلب والا زندہ دل پیدا کیا جاتا ہے۔ وہ صاحب حال ہوتا ہے۔ اس واسطے اس کی تفسیر درست ہوتی ہے۔ زندہ دل کے سوا کچھ نہیں۔ یہ باتیں سیدھی ہیں مگر افسوس ہے لوگوں کو سمجھ نہیں آتی۔

(نوجوان۔ جہالت ہے)......

اللہ تعالیٰ آپ کی اور ہماری ملاقات سے فائدہ دے“ (بدر۔ جلد نمبر 1 نمبر 6 مورخہ 11 مئی 1905ء)

کسے معلوم تھا کہ یہ نوجوان بعد کے زمانہ میں بڑا عالم اور رہنما بنے گا مگر اسے سلسلہ احمدیہ میں حلقہ بگوش ہونے کی توفیق نصیب نہیں ہوگی۔ مگر مکفر اور مکذب بھی نہیں ہوگا۔

یہ مضمون لکھنے کی تحریک دراصل مولانا ابوالکلام آزاد کی خودنوشت کے اس حوالہ سے ہوئی ہے جس میں حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کے خطبہ جمعہ کا ذکر ہے۔ مولوی صاحب نے حضرت مسیح موعود کی موجودگی میں ایک صدی قبل 1905ء کے ایک خطبہ جمعہ میں یہ کہا تھا کہ مسیح موعود کو جو وسائل ابلاغ اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائے ہیں اس کی مثال...... سلف میں موجود نہیں اور اس بات کی گواہی مولانا ابوالکلام آزاد نے دی۔ آج ایک صدی کے بعد اسی بستی سے حضرت مرزا صاحب کے پانچویں خلیفہ حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 16 دسمبر 2005ء کو جو خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا وہ سیٹلائٹ کے ذریعہ پانچوں براعظموں میں براہ راست بیت اقصیٰ قادیان سے ”لائیو“ نشر ہوا اور ساری دنیا نے بچشم خود اسے دیکھا اور بگوش ہوش اسے سنا ہے۔ کیا اب بھی اس بات میں کوئی کلام ہو سکتا ہے کہ مسیح موعود کی موجودگی میں ان کے ایک مرید نے جو بات کہی تھی وہ بوجوہ احسن پوری نہیں ہوئی؟ ایک صدی قبل کی اس بستی کے وسائل رسل و رسائل کا ذکر بھی مولانا نے کیا ہے کہ کس تکلیف سے تانگہ میں سفر کر کے آپ وہاں پہنچے تھے اور اب ہزار ہا لوگ اس بستی میں گاڑیوں موٹروں میں جاتے ہیں۔ راستے آسان ہو گئے ہیں۔ ابلاغ سہل تر!!

ع
یہ نشاں کافی ہے گر دل میں ہو خوف کردگار

روٹی نہ ملتی

حضرت مولوی ابوالمبارک صاحب رفیق حضرت مسیح موعود تحریر فرماتے ہیں:۔

میرے سسر صاحب اور ساس صاحبہ نے میری بیوی کی بہت اچھی تربیت کی تھی۔ بقول میری اہلیہ زینب بی بی پانچوں نمازیں بچپن سے ہی پڑھتی رہی ہوں اگر نہیں پڑھتی تھی تو والد صاحب (حافظ امام الدین صاحب) اس وقت تک روٹی نہ کھانے دیتے تھے جب تک نماز نہ پڑھ لیتی۔ نماز کی عادت والد صاحب نے ہی ڈالی تھی۔ شادی کے بعد بھی نمازیں باقاعدگی سے پڑھتی رہیں۔ 1967ء سے تا وفات (1981) تہجد کی نماز بھی پڑھتی رہیں۔

(حیات ابوالمبارک ص 84)

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

کولیسٹرول کو کنٹرول کرنے کے طریق

کولیسٹرول ایک شفاف، چکنا مادہ ہوتا ہے۔ جو جسم کے ہر خلیئے میں موجود ہوتا ہے۔ کولیسٹرول کی مختلف اقسام پائی جاتی ہیں۔ لیکن دو اقسام اہم ہیں۔

1۔ اچھا کولیسٹرول (HDL) اور برا کولیسٹرول (LDL) ٹرائی گلسرائیڈ چکنائی کی ایک مخصوص قسم ہے۔ جس کی خون میں مقدار (LDL) کی طرح ایک حد سے تجاوز کر جائے تو اس کے اثرات بھی مضر ہو سکتے ہیں۔

اگرچہ انسانی جسم کو کچھ افعال کی انجام دہی کے لئے کولیسٹرول کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن خون میں کولیسٹرول کی زیادتی نقصان دہ ہوتی ہے۔ اگر خون میں برے کولیسٹرول (LDL) کی زیادتی ہو جائے تو یہ شریانوں کی اندرونی تہوں میں جمع ہو جاتا ہے۔ کولیسٹرول کے یہ ذخیرے (Plaque) کہلاتے ہیں اور شریانوں کو بند کر دیتے ہیں۔ اس کی وجہ سے انجائنا کا درد یا پھر دل کا دورہ یا فالج بھی ہو سکتا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ دل کی شریانوں کی بیماریوں اور کولیسٹرول کی زیادتی میں ایک خاص تعلق پایا جاتا ہے۔

کولیسٹرول کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہونے والے خطرات مندرجہ ذیل باتوں کی وجہ سے بڑھ جاتے ہیں۔

1۔ دل کی بیماری کا خاندانی رجحان۔
2۔ ہائی بلڈ پریشر۔
3۔ سگریٹ نوشی۔
4۔ چالیس سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد۔
5۔ ذیابیطس۔
6۔ اچھے کولیسٹرول (HDL) کی کم سطح

اگر (HDL) یعنی اچھا کولیسٹرول کی سطح یا مقدار 60mg/DL سے بڑھ جائے تو خطرے کے ایک عنصر کو کم کر دیں۔

آپ کو اپنے کولیسٹرول کو نارمل رکھنے کے لئے پابندی سے ورزش کرنی پڑے گی اور کم چکنائی والی غذا کھانی پڑے گی یعنی ایسی غذا جس میں کولیسٹرول کی مقدار کم ہو۔ لیکن بعض دفعہ صرف یہ کافی نہیں ہوتا۔ اگر آپ اپنے کولیسٹرول کی سطح کو صحیح اور مناسب حد تک کم کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو پھر اپنے معالج کے مشورے سے کولیسٹرول کو کم کرنے والی دوائی استعمال کریں۔

دوا کھانا آپ کے کولیسٹرول کو کم کرنے کے طریقہ کار کا صرف ایک حصہ ہے۔ اس کے علاوہ آپ کو کم چکنائی والی اور کم کولیسٹرول والی غذاؤں کا استعمال اور باقاعدگی سے ورزش کرنی پڑے گی۔

پرہیز کرنے والی اشیاء

ایسی غذائیں جو بہت چکنی ہوں، خاص طور پر اگر ان میں سیر شدہ چکنائی ہو تو ان کا کھانا بالکل بند کر دیں۔ یا بہت ہی کم کر دیں۔ جن چیزوں میں زیادہ چکنائی ہوتی ہے۔ ان میں مکھن، پنیر، آئس کریم اور بالائی دودھ شامل ہے۔

مناسب غذا کا استعمال

آپ کا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ زیادہ تر کم چکنائی، کم کولیسٹرول والی غذائیں کھائیں۔ جیسا کہ تازہ پھل، ہرے پتوں والی سبزیاں، پورے چورے دانے کے آٹے کی روٹی، اناج سے بنی ہوئی غذائیں، نوڈلز، چاول، مچھلی، مرغی اور چکنائی سے مبرا ڈیری مصنوعات بھی اچھا انتخاب ہیں۔

آپ کتنی مقدار میں کھاتے ہیں۔ یہ بھی اتنا ہی اہم ہے۔ جتنا کہ آپ کیا کھاتے ہیں۔ جتنا زیادہ آپ کھائیں گے۔ چاہے (وہ بغیر چکنائی کی غذا ہو) اتنے زیادہ حرارے آپ کھائیں گے۔ آپ اپنے معالج کے مشورے سے اپنے لئے صحت مند غذا کھانے کا پروگرام طے کر سکتے ہیں۔

آپ اپنے معالج سے مشورہ کریں۔ پھر کھڑے ہو جائیں اور حرکت میں آ جائیں۔ ورزش سے آپ کو توانائی ملے گی اور کولیسٹرول کم کرنے میں مدد ملے گی۔ چہل قدمی ایک سادہ سی ورزش ہے اور یہ ورزش شروع کرنے کے لئے بہترین ہے یا پھر تیراکی اور سائیکل چلانے میں کسی کا انتخاب کریں۔

کسی ایسے ساتھی یا دوست کا انتخاب کریں جو ورزش میں آپ کا ساتھ دے یا جس کے ساتھ آپ ورزش کر سکیں۔ اس طرح مل کر ورزش کرنا زیادہ دلچسپ ہے اور آپ اپنے ورزش کے پروگرام پر سختی سے عمل کر سکیں گے۔ اگر آپ کا وزن زیادہ ہے تو آپ ورزش کے ذریعے وزن کم کر کے کولیسٹرول کم کر سکتے ہیں۔

آپ اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں کہ آپ کے لئے کون کون سی ورزشیں بہتر رہیں گی اور آپ کو اپنا وزن کس حد تک کم کرنے کی ضرورت ہے۔

احباب جماعت اور واقفین نو بچوں کے والدین کو چاہئے کہ وہ اپنے وزن کو اپنے قد کے مطابق مناسب حد تک رکھیں اور وزن زیادہ ہونے کی صورت میں کولیسٹرول کو کنٹرول کرنے کے لئے اپنے معالج کے مشورے سے ورزش ضرور کریں بلکہ اسے اپنا معمول بنا لیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحت والی لمبی، فعال اور خدمت دین سے بھرپور زندگی عطا کرے۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 71019 میں زبیر وحید ڈوگر

ولد عبدالوحید ڈوگر قوم ڈوگر پیشہ I.T.consult عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.S.A بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 06-4-5 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) مکان مالیتی -/355000 ڈالر ۔جس پر بینک قرض -/339000 ڈالر ہے ۔اس وقت مجھے مبلغ -/6100 ڈالر ماہوار بصورت Income مل رہے ہیں ۔اور مبلغ -/28000 ڈالر سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔العبد۔ زبیر وحید ڈوگر۔گواہ شد نمبر 1 بلال ڈوگر ولد عبدالوحید ڈوگر۔گواہ شد نمبر 2 عبدالوحید ڈوگر والد موصی

مسل نمبر 71020 میں مبارک احمد صدیقی

ولد نعمت اللہ صدیقی قوم صدیقی پیشہ ملازمت عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.S.A بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 06-10-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) مکان مالیتی -/375000 ڈالر جو بینک قرض سے لیا گیا ہے اس وقت مجھے مبلغ -/3500 ڈالر ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔العبد۔ مبارک احمد صدیقی ۔ گواہ شد نمبر 1 نعمت اللہ صدیقی والد موصی۔ گواہ شد نمبر 2 امتیاز احمد راجیکی ولد برکات احمد راجیکی

مسل نمبر 71021 میں Mohammad Antwi

ولد Suleman Agyei قوم...... پیشہ ملازمت عمر 42 سال بیعت 1980ء ساکن U.S.A بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 06-7-30 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) رہائشی مکان مالیتی -/140000 ڈالر جس پر بینک قرض -/129000 ڈالر ہے ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/40000 ڈالر سالانہ بصورت ...... مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔Mohammad Antwi گواہ شد نمبر 1 عبدالخالق۔گواہ شد نمبر 2 منور ملک

مسل نمبر 71022 میں Shamila Saeed

بنت انور سعید قوم...... پیشہ ٹیچر عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.S.A بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 06-10-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1200 ڈالر ماہوار بصورت Income مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی ۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ ۔ Shamila Saeed۔گواہ شد نمبر 1 محمد افضل احمد۔گواہ شد نمبر 2 Amar Malik

مسل نمبر 71023 میں مدیحہ احمد ملہی

بنت ارشاد احمد ملہی قوم ملہی پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.S.A بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 06-9-9 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/50 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ ۔ مدیحہ احمد ملہی۔گواہ شد نمبر 1 ارشاد احمد ملہی مربی سلسلہ والد موصیہ۔گواہ شد نمبر 2 انتصار احمد ملہی ولد ارشاد احمد ملہی

مسل نمبر 71024 میں مہ ناز خان

